FACT SHEET

COLLEGE OF PHYSIOTHERAPISTS of ONTARIO

کسی فزیو تھراپسٹ کے بارے میں سوالات، تشویشات یا شکایات - دی کالج آف فزیو تھراپسٹس آف انٹاریو

کالج کیا کرتا ہے؟

کالج آف فزیو تھراپسٹس آف اونٹاریو ایک ادارہ ہے (ایک تعلیمی ادارہ نہیں ہے) جو اس بات کو یقینی بنانےکیلئے موجود ہے کہ عوام کا معیاری علاج ہو رہا ہے۔ اس کے اصول ہیں جنہیں اسٹینڈرڈز کہا جاتا ہے جو وضاحت کرتے ہیں کہ فزیو تھراپسٹس سے کیسا رویہ رکھنےکی توقع کی جاتی ہے تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جاسکے کہ وہ مریض کے بہترین مفاد میں کام کر رہے ہیں۔

کسی فزیو تھراپسٹ سے علاج کروانےکے بارے میں اگر آپ کی تشویشات یا سوالات ہیں یا آپ شکایت کرنا چاہتے ہیں، تو کالج سے رابطہ کریں۔

فزیو تھراپسٹ – www.collegept.org – اپنی صحت کی نگہداشت فراہم کرنے والے کے بارے میں مزید معلومات حاصل کرنے کیلئے آپ آن لائن پبلک رجسٹر پر بھی دیکھ سکتے ہیں (Find a Physiotherapist) تلاش کریں

میں اپنے سوال کیلئے کسے کال کر سکتی/ سکتا ہوں؟

کالج کے عملے کا ایک فرد ہے جسے پریکٹس ایڈوائزرکہا جاتا ہے اس کا کام اس بارے میں مفت، خفیہ مشورہ فراہم کرنا ہےکہ جب آپ کسی فزیو تھراپسٹ کے پاس جائیں تو کیا توقع کرنی چاہیئے۔

میں شکایت کیسے کر سکتی/ سکتا ہوں؟

کالج تمام شکایات کو سنجیدگی سے لیتا ہے۔ کوئی بھی شکایت کر سکتا ہے۔ اس میں مریض، خاندان، دوست یا مریض کی نگہداشت کرنے والا، کام کرنے والے ساتھی، ایمپلائرز، انشورنس کرنے والے یا دیگر سبھی شامل ہیں۔

آپ کسی فزیو تھراپسٹ کے بارے میں متعدد طریقوں سے شکایت کر سکتے ہیں۔ آپ کالج کا آن لائن میک اے کمپلینٹ فارم (make a complaint form)— استعمال کر سکتے ہیں۔ یا بذریعہ چٹھی، ای میل یا فیکس ایک تحریری شکایت بھیج سکتے ہیں۔ www.collegept.org/Make a Complaint

باضابطہ شکایات میں آپ کا نام اور رابطےکی معلومات لازمی طور پر شامل ہونی چاہئیں - شکایات گمنام نہیں ہو سکتیں۔ آپ سے آپ کی تشویشات کے بارے میں تفصیلات اور فزیو تھراپسٹ کا نام دینےکیلئے کہا جائےگا۔ کالج اس بات کی تصدیق کرنےکیلئے آپ سے رابطہ کرے گا کہ آپ کی شکایت موصول کی جا چکی ہے۔

براہِ مہربانی نوٹ فرما لیں، کہ کالج کے پاس آپ کو فزیو تھراپسٹ سے رقم واپس دلانےکی مدد کرنےکی طاقت نہیں ہے۔

میں مزید معلومات کہاں سے حاصل کر سکتی/ سکتا ہوں؟

اگر شکایات کے طریقہ کار کے بارے میں آپ کے سوالات ہوں، تو پروفیشنل کنڈکٹ ٹیم سے یہاں رابطہ کریں investigations@collegept.org یا کال کریں ایکسٹینشن 227 416-591-3828/1-800-583-5885

اگر آپ کوکالج کے بارے میں مزید معلومات حاصل کرنے کی ضرورت ہے یا اپنے فزیو تھراپسٹ کے تجربےکے بارے میں آپ کا کوئی سوال ہے، تو کالج کے پریکٹس ایڈوائزرز سے یہاں رابطہ کریں practiceadvice@collegept.org ۔ 1-800-583-5885/ 647-484-8800 یا

www.collegept.org – کالج کے بارے میں، ہماری خدمات اور ہم کیسے مددکر سکتے ہیں، کے بارے میں مزید جاننےکیلئے - ہماری ویب سائٹ پر جائیں

کالج انگریزی اور فرانسیسی زبان میں سروس فراہم کرتا ہے۔ تاہم، اس بات کو یقینی بنانے کیلئے ہم اپنی پوری کوشش کریں گے کہ جن معلومات کی مریضوں کو ضرورت ہے انہیں ان معلومات تک رسائی حاصل ہے۔

Suite 375 یونیورسٹی ایونیو، سوئٹ 800 (375 University Avenue, Suite 800)

ٹورانٹو، اونٹاریو ایم 5 جی 2جے5 (Toronto, ON M5G 2J5)

فون: 416-591-3828

ٹول فری: 1-800-583-5885

info@collegept.org